بینک دولت پاکستان

شعبۂ انفراسٹرکچر، ہاؤسنگ اور ایس ایم ای مالکاری

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر نمبر 06 برائے 2019ء　　　　　11 مارچ 2019ء

صدور / چیف ایگزیکٹو آفیسرز،

تمام اسلامی بینک، اور اسلامی بینکاری برانچوں

کے حامل بینک / ترقیاتی مالی ادارے

**خصوصی زمروں کے لیے سستے مکانات کی غرض سے اسلامی مالکاری سہولت**

محترم / محترمہ،

بینک دولت پاکستان نے ملکی آبادی کے کم آمدنی والے بعض منتخب زمروں کو طویل مدتی سستی رقوم کی دستیابی آسان بنانے کی غرض سے آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر نمبر 05 برائے 2019ء کے ذریعے "خصوصی زمروں کے لیے سستے مکانات کی غرض سے مالکاری سہولت" کا آغاز کیا ہے۔ اس سلسلے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان مضاربے پر مبنی " خصوصی زمروں کے لیے سستے مکانات کی غرض سے اسلامی مالکاری سہولت" بھی متعارف کرا رہا ہے جو اسلامی بینکاری اداروں اور اسلامی ترقیاتی مالی اداروں کے لیے ہو گی جنہیں بحیثیت مجموعی شریک اسلامی مالی ادارے (پی آئی ایف آئی) کہا جاتا ہے۔ اس مالکاری سہولت کی اہم خصوصیات ذیل میں دی گئی ہیں:

- شرکا: تمام بینک / ترقیاتی مالی ادارے
- مالکاری کی رقم: 2.7 ملین روپے تک
- دائرہ کار:
  - بیوائیں
  - شہدا کی اولادیں
  - خصوصی افراد
  - مخنّث افراد (Transgender)
  - دہشت گردی سے شدید متاثرہ علاقوں کے افراد

- صارف کی اہلیت:
  - پہلی بار مکان کے مالک بن رہے ہوں
  - مالکاری برائے مکان پہلے کبھی نہ لی ہو
  - ایک نئے مکان کی تعمیر کرانی ہو
  - مکان کی مالیت زیادہ سے زیادہ 3 ملین روپے ہو
  - مکان کی تعمیر کی غرض سے خریدے جانے والے پلاٹ کے لیے مالکاری صرف ایک ملین روپے تک مل سکے گی
- مالکاری کی مدت: ساڑھے بارہ سال تک

2۔ اس سہولت کے تحت اہل صارفین کو بطور مالکاری دی گئی رقم کے 100 فیصد تک کے لیے اسٹیٹ بینک کی مضاربہ سرمایہ کاری دستیاب ہو گی۔ اسٹیٹ بینک پی آئی ایف آئی کے جنرل پول میں مضاربہ سرمایہ کاری کرے گا۔

3۔ پی آئی ایف آئی اس سہولت کے تحت اختصاص / تفویضے کی حد کے لیے اپنی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں اسٹیٹ بینک جن کا تجزیہ اپنے داخلی معیار کے مطابق کرے گا۔ اسکیم کے تحت انفرادی پی آئی ایف آئی کو سالانہ حد جاری کی جائیں گی۔ دلچسپی رکھنے والے پی آئی ایف آئی ہر مالی سال (جولائی تا جون بنیاد پر) کے لیے حد کے اختصاص کے لیے درخواستیں ڈائریکٹر، شعبۂ انفراسٹرکچر مکاناتی اور ایس ایم ای مالکاری کو ہر سال 15 مئی تک بھجوا دیں تا کہ سالانہ حد کا جلد از جلد اختصاص کرنا ممکن ہو۔ رواں سال کے لیے حد کے اختصاص کے لیے درخواست اس سرکلر کی تاریخِ اجرا کے 30 دن کے اندر جمع کرائی جا سکتی ہے۔

4۔ اس سرکلر کی تاریخِ اجرا سے 31 دسمبر 2023ء تک جاری کردہ مالکاری کی مضاربہ سرمایہ کاری اس اسکیم کے تحت دستیاب ہو گی۔ سہولت کی تفصیلات، اس سہولت کا شریعہ اسٹرکچر اور سہولت کی دستاویزات منسلک ضمیمہ جات میں موجود ہیں۔

منسلکہ:

ضمیمہ -I: خصوصی زمروں کے لیے سستے مکانات کی غرض سے اسلامی مالکاری سہولت

ضمیمہ -II: خصوصی زمروں کے لیے سستے مکانات کی غرض سے اسلامی مالکاری سہولت کے لیے دستاویزات

آپ کا مخلص

(غلام محمد)

ڈائریکٹر